© rasailojaraid.com



۲۵ پیسے۔ اس کتابچے میں تربیتی اجتماعات میں اجتماعی مطالعے کی خاطر منتخب احادیث ترجمہ اور تشریح کے ساتھ جمع کی گئی ہیں۔

**اسلامی معاشرے میں فرد کی حیثیت** مرتبہ: الحاج مولانا شبیر احمد دہلوی۔ ضخامت: ۳۲ صفحات۔ قیمت: ۲۵ پیسے۔ اس کتابچے میں قرآن اور سنت کی تعلیمات کی روشنی میں اسلامی معاشرے کی ماہیت، خصوصیات، دوسرے معاشروں کے مقابلے میں اس کی وجہ امتیاز اور اس میں فرد کی ذمہ داریوں پر قلم اٹھایا گیا ہے۔

**صفات المومنین** مرتبہ: مولانا خان محمد ربانی۔ ضخامت: ۴۰ صفحات۔ قیمت: ۲۷ پیسے۔ اس کتابچے میں مولانا خان محمد صاحب ربانی نے قرآن مجید کی وہ تمام آیات یکجا کر دی ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے کسی نہ کسی پہلو سے مومنین کی صفات بیان فرمائی ہیں۔ تربیتی مقاصد کے لیے یہ کتابچہ مفید ہے۔

---

## (بقیہ اشارات)

جو اُس نے عائد کر رکھی ہیں اور جو دن بدن شدید سے شدید تر ہو رہی ہیں یہ اسے کسی طرح زیب نہیں دیتیں۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ یہ حکومت اس معاملے پر جلد از جلد نظر ثانی کرے گی اور اس مسئلہ پر غور کرتے ہوئے اس کا پندار، اور مالی سود و زیاں کوئی چیز بھی اُس کی راہ میں حائل نہ ہو گی۔

---

© rasailojaraid.com